پرہیز علاج سے بہتر ہے

# جانوروں کی اہم وبائی بیماریاں اوران سے بچاؤ

صحت مند جانور ہی بہتر پیداوار اور منافع بخش ڈیری فارمنگ کے ضامن ہوتے ہیں
باڑے میں موجود تمام جانوروں کا صبح وشام بغور مشاہدہ کر کے بیمار جانور کی بروقت پہچان کریں

(بروقت تشخیص، مؤثر علاج)

## منہ کھر






تیز بخار، دودھ کی پیداوار میں کمی، زبان، تالو، کھروں اور حوانے پر چھالے، لنگڑاپن، منہ سے جھاگ نما رال ٹپکنا اہم علامات ہیں

## گل گھوٹو




تیز بخار، گلے اور زبان کی سوزش، سانس میں دشواری
اور خرخراہٹ کی آواز، منہ اور ناک سے رال ٹپکنا اہم علامات ہیں

## چوڑے مار (بلیک کواٹر)



تیز بخار، ران یا شانے کے پٹھوں پر شدید سوزش، سوزش والی جگہ کا گرم ہونا، چرچراہٹ کی آوازیں اور لنگڑاپن اہم علامات ہیں بروقت اور موثر حفاظتی ٹیکہ جات کی منصوبہ بندی سے ان اہم وبائی بیماریوں سے مکمل طور پر بچا جا سکتا ہے


Charles Sturt University

اے ایس ایل پی ڈیری پراجیکٹ، یونیورسٹی آف ویٹرنری اینڈ اینیمل سائنسز، لاہور

فون: 042-37212339 ویب سائٹ: www.aslpdairy.pk

| مرض | ٹیکہ لگانے کا وقت | مؤثر دورانیہ |
| --- | --- | --- |
| گل گھوٹو | مئی، جون اور نومبر، دسمبر | 6 ماہ |
| منہ کھر | فروری، مارچ اور ستمبر، اکتوبر | 6 ماہ |
| چوڑے مار | اپریل | ایک سال |

## حفاظتی ٹیکہ جات کیلئے اہم تجاویز





- حفاظتی ٹیکہ جات کو ہمیشہ 4 ڈگری سینٹی گریڈ پر ریفریجریٹر میں محفوظ کریں
- ٹیکہ جات کو ہمیشہ مطلوبہ مقدار میں زیرجلد لگائیں
- موثر نتائج کے حصول کے لئے لیبل پر درج ہدایات کے مطابق
- حفاظتی ٹیکہ جات کا مکمل کورس کروائیں
- چھوٹے بچوں کو دو ہفتے کی عمر کے بعد حفاظتی ٹیکے لگوائیں







حفاظتی ٹیکہ جات ہمیشہ مستند ذرائع سے ہی حاصل کریں اور
مزید معلومات کے لئے اپنے قریبی ماہر ویٹرنری ڈاکٹر سے رجوع کریں

# جانوروں کے کرم اور اُن سے بچاؤ

پرہیز علاج سے بہتر ہے

کرم جانوروں کی پیداواری صلاحیت کو متاثر کرتے ہیں اور مختلف بیماریاں پھیلا کر ڈیری فارمز کے معاشی نقصان کا باعث بنتے ہیں

## اندرونی کرِم

خون کی کمی، خشک اور کھردری جلد، پیٹ کا لٹکنا، آنکھوں میں گِڈ اور دودھ کی پیداوار میں شدید کمی اہم علامات ہیں










## بیرونی کرِم

بے چینی کی کیفیت، خون کی کمی، کمزور اور لاغر، جلد پر سوراخ اور جانوروں کی پیداواری صلاحیت میں کمی اہم علامات ہیں






## چیچڑوں سے پھیلنے والی بیماریاں

جانور کھانا پینا چھوڑ دیتا ہے، تیز بخار، پانی اور خون کی کمی، رت موترا میں جانور کا پیشاب سرخی مائل ہو جاتا ہے گلٹیوں میں سوزش ہو جانا گلٹیوں کے بخار کی ایک نمایاں علامت ہے







Charles Sturt University

اے ایس ایل پی ڈیری پراجیکٹ، یونیورسٹی آف ویٹرنری اینڈ اینیمل سائنسز، لاہور

فون: 042-37212339 ویب سائٹ: www.aslpdairy.pk

# کرموں کی روک تھام کے لئے اہم تجاویز

- باقاعدگی سے دن میں کم ازکم دو دفعہ باڑے کی صفائی ضرور کریں اور پانی کھڑا نہ ہونے دیں
- چھوٹے بچوں کو باقاعدگی سے ہر تین ماہ بعد اور بڑے جانوروں کو حسب ضرورت کرم کش ادویات ماہر ویٹرنری ڈاکٹر کے مشورے سے پلائیں
- اگر علاقے میں سہولت موجود ہو تو لیبارٹری سے گوبر کا ٹیسٹ بھی کروالینا چاہیے
- باڑے کی دیواروں یا چھت پر کوئی سوراخ/دراڑ نہیں ہونی چاہیے جہاں یہ بیرونی کرم انڈے دے سکیں یا چھپ سکیں
- باڑے میں ہر مہینے باقاعدگی سے چیچڑ کش ادویات کا سپرے کریں
- وقتاً فوقتاً باڑے میں بجھے ہوئے چونے کا چھڑکاؤ بھی کریں
- چارے کی صفائی کا خیال رکھیں اور کترے ہوئے چارے کو گرد سے بچائیں
- کرم کش دوائی ہر دفعہ بدل کر پلانی چاہیے تا کہ کرم ایک ہی دوائی کے خلاف قوتِ مدافعت حاصل نہ کرسکیں
- پانی کی حوضی میں بھی چونا استعمال کریں تا کہ جراثیم سے بچا جا سکے
- جانوروں پر چیچڑوں کے شدید حملے کی صورت میں جلد پر چیچڑ کش ادویات لگائیں اور مزید ہدایات کے لئے اپنے قریبی ڈاکٹر سے رجوع کریں




Charles Sturt University


اے ایس ایل پی ڈیری پراجیکٹ، یونیورسٹی آف ویٹرنری اینڈ اینیمل سائنسز، لاہور

فون: 042-37212339 ویب سائٹ: www.aslpdairy.pk

Charles Sturt University

# ساڑو / سوزشِ حیوانہ سے بچاؤ

تھن اور حیوانہ کی سوزش کو عرفِ عام ساڑو کہا جاتا ہے





متاثرہ جانوروں کے دودھ کے معیار اور مقدار میں شدید کمی کی وجہ سے جانور بے کار ہو جاتے ہیں جو کہ ڈیری فارمر کے معاشی نقصان کا باعث بنتا ہے

## اسباب ساڑو / سوزشِ حیوانہ



- باڑے میں صفائی ستھرائی کا غیر مناسب انتظام
- پھپھوندی لگی خوراک کا استعمال کرنا
- گندے ہاتھوں اور غلط طریقہ کار سے دودھ دوہنا
- حیوانے / تھن پر زخم اور اس کے علاج پر توجہ نہ دینا
- بچوں کو دودھ دوہنے کے بعد دودھ پلانا

## علامات ساڑو (ظاہری حالت میں)



- حیوانہ میں اچانک سوزش، رنگت سرخی مائل، چھونے پر گرم اور جانور درد محسوس کرتا ہے
- جانور کو تیز بخار ہو جاتا ہے اور وہ کھانا پینا چھوڑ دیتا ہے
- دودھ کی پیداوار میں خاطر خواہ کمی اور دودھ میں پھٹکیاں نظر آتی ہیں
- متاثرہ جانور کا دودھ بدبودار اور نمکین ہو جاتا ہے
- موثر اور بروقت علاج نہ ہونے کی صورت میں تھن کے اندر ناڑ نمودار ہو جاتی ہے اور حیوانہ کا ایک یا ایک سے زیادہ حصہ سکڑ جاتا ہے

## علامات ساڑو (مخفی حالت میں)

- جانور بظاہر تندرست نظر آتا ہے اور تھن / حیوانہ کی ساخت میں بظاہر کوئی تبدیلی نظر نہیں آتی
- جانور کو بخار بھی نہیں ہوتا تاہم جانور سست اور تھکا ہوا دیکھائی دیتا ہے، دودھ کی پیداوار میں خاطر خواہ کمی اور دودھ اتارنے میں بھی دیر کرتا ہے
- دودھ میں پھٹکیاں بھی موجود نہیں ہوتیں البتہ دودھ کا ذائقہ نمکین ہو جاتا ہے
- اس حالت میں تھن میں ناڑ بن جاتی ہے اور یہ سلسلہ کئی مہینوں یا سالوں تک مخفی ہی رہتا ہے
- بعض اوقات تھن میں سے پتلی لسّی یا پیپ نما رنگ کا گاڑھا مواد نکلتا رہتا ہے

## سرف ٹیسٹ کا طریقہ کار

### ساڑو کی مخفی حالت کی تشخیص کیلیئے سرف ٹیسٹ سب سے سادہ اور سستا طریقہ ہے





- جانوروں میں مخفی ساڑو کی تشخیص کے لئے ہر پندرہ دن بعد سرف ٹیسٹ ضرور کریں
- گھر میں عام استعمال ہونے والے سرف کے 2 سے 3 چمچ ایک کپ پانی میں حل کر لیں
- چار پیالیاں لے کر اس میں ہر تھن سے علیحدہ علیحدہ دودھ کی دھاریں لیں
- برابر مقدار میں سرف کا محلول اس دودھ میں ڈالیں اور اچھی طرح حل کریں
- آدھا منٹ تک پیالی کو ہلاتے رہیں

| | |
|---|---|
| اگر آمیزہ میں چھوٹی چھوٹی سفید پھٹکیاں ہوں | بیماری کا پہلا درجہ (+) |
| آمیزہ گاڑھا/سفید ریشہ دار ہو | بیماری کا دوسرا درجہ (++) |
| اگر آمیزہ جیلی کی طرح گاڑھا ہو | بیماری کا تیسرا درجہ (+++) |
| اگر دودھ اپنا پتلا پن برقرار رکھے | جانور بیماری سے محفوظ ہے |

## ساڑو/سوزشِ حیوانہ سے بچاؤ اور روک تھام کے لئے اہم تدابیر









- ساڑو سے بچاؤ کیلیئے دن میں کم از کم دو دفعہ باڑے کی صفائی ضرور کریں اور استعمال ہونے والے برتنوں کی صفائی کا خاص خیال رکھیں
- دودھ دوہنے سے پہلے اور بعد میں تھن اور حیوانے کو اچھی طرح دھو کر خشک کر لیں
- دودھ مٹھی بند کر کے اور مکمل طور پر دوہیں
- انگوٹھا بند کر کے دودھ مت دوہیں نیز دودھ دوہنے سے پہلے انگلی سے انگوٹھی یا چھلا وغیرہ اتار دیں
- بچوں کو دودھ دوہنے سے پہلے دودھ پلائیں
- دودھ دوہنے کے بعد جانوروں کو کم از کم آدھا گھنٹہ بیٹھنے نہ دیں تا کہ تھن میں دودھ کی نالی بند ہو جائے
- دودھ دوہنے کے بعد تھنوں کو جراثیم کش محلول میں ڈبونے سے ساڑو کے امکانات کو خاطر خواہ حد تک کم کیا جا سکتا ہے
- متاثرہ جانور کو صحت مند جانوروں سے علیحدہ رکھیں اور اس کا دودھ آخر میں دوہیں نیز متاثرہ دودھ کو صاف دودھ سے علیحدہ رکھیں
- حاملہ جانوروں کو خشک کرنے سے پہلے لمبے عرصے تک اثر کرنے والی اینٹی بائیوٹک تھن میں داخل کریں کیونکہ اس عمل سے آئندہ ساڑو کا خطرہ ٹل جاتا ہے
- ساڑو اور دوسری جراثیمی بیماریوں کے خلاف مناسب قوت مدافعت کے لئے تمام جانوروں کو متوازن خوراک مہیا کریں
- جانوروں کی صحت سے متعلق مزید امور کے لئے ماہر ویٹرنری ڈاکٹر سے فوری رجوع کریں

اے ایس ایل پی ڈیری پراجیکٹ
یونیورسٹی آف ویٹرنری اینڈ اینیمل سائنسز، لاہور
فون: 042-37212339 ویب سائٹ: www.aslpdairy.pk